صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

مراسلہ نمبر 18873 مورخہ 7/6/17

معززاراکین صوبائی اسمبلی!

سلام مسنون!

مالی سال2018-2017ء مورخہ 7جون 2017ء بروز بدھ بوقت 02:00 بجے بعداز دوپہر صوبائی اسمبلی میں پیش ہوگا۔ بجٹ کے لئے مجوزہ پروگرام درج ذیل ہے اور ہر یوم کار کے لئے حسب قاعدہ الگ الگ فہرست کارروائی تیار کی جائے گی۔

بجٹ پروگرام

نمبر شمار	تاریخ	دن	کارروائی
1-	7جون2017ء	بدھ بوقت 02:00 بجے بعداز دوپہر	1- مالی سال2018-2017ء کا سالانہ بجٹ، وزیر خزانہ کی تقریر اور بجٹ دستاویزات کا پیش کیا جانا۔ 2- فنانس بل کا پیش کیا جانا (اگر کوئی ہو) 3- جناب وزیر خزانہ مالی سال2017-2016ء کے لئے ضمنی بجٹ پیش کریں گے۔
2-	8جون2017ء	جمعرات	وقفہ
3-	9جون2017ء	جمعہ	وقفہ
4-	10جون2017ء	ہفتہ	سالانہ بجٹ برائے مالی سال2018-2017ء بشمول لازمی اخراجات پر عمومی بحث۔
5-	11جون2017ء	اتوار	سالانہ بجٹ برائے مالی سال2018-2017ء بشمول لازمی اخراجات پر عمومی بحث۔
6-	12جون2017ء	پیر	سالانہ بجٹ برائے مالی سال2018-2017ء بشمول لازمی اخراجات پر عمومی بحث۔
7-	13جون2017ء	منگل	سالانہ بجٹ برائے مالی سال2018-2017ء کے مطالبات زر پر رائے شماری۔
8-	14جون2017ء	بدھ	1- سالانہ بجٹ برائے مالی سال2018-2017ء کے مطالبات زر پر رائے شماری۔ 2- فنانس بل کو زیر غور لانا اور پاس کرنا۔ (اگر کوئی ہو) 3- مالی سال برائے 2018-2017ء کے لئے توثیق شدہ جدول پیش کیا جائے گا۔
9-	15جون2017ء	جمعرات	ضمنی بجٹ برائے مالی سال2017-2016ء بشمول لازمی اخراجات پر عمومی بحث۔
10-	16جون2017ء	جمعہ (i) پہلی نشست 11 بجے (ii) دوسری نشست 2 بجے	1- ضمنی بجٹ برائے مالی سال2017-2016ء کے مطالبات زر پر رائے شماری۔ 2- ضمنی بجٹ برائے مالی سال2017-2016ء کے لئے توثیق شدہ جدول پیش کیا جائے گا۔

نوٹ:۔

(i) بجٹ برائے مالی سال 2018-2017ء پر عمومی بحث میں حصہ لینے والے معزز اراکین مورخہ 9 جون 2017ء بروز جمعہ تک دفتری اوقات کار میں سیکرٹری صوبائی اسمبلی کے پاس اپنے نام درج کرا سکیں گے جو معزز رکن مقررہ وقت تک اپنا نام درج نہیں کرا سکے گا تو شاید وہ بحث میں حصہ نہ لے سکے۔

(ii) قاعدہ 146 کے تحت تحاریک تخفیف زر کے لئے نوٹس اس یوم سے دو سالم ایام پہلے دیا جاتا ہے جس پر ایسا مطالبہ زر زیر بحث آئے لیکن چونکہ مذکورہ تحاریک کی منظوری، چھپائی اور تقسیم کے لئے کافی وقت درکار ہوتا ہے لہذا اس قاعدے پر پورا عمل درآمد ممکن نہیں ہے اس لئے معزز اراکین سے سالانہ بجٹ برائے مالی سال 2018-2017ء کے لئے تحاریک تخفیف زر (Cut Motions) مورخہ 11 جون 2017ء بروز اتوار تک دفتری اوقات کار کے دوران اسمبلی سیکرٹریٹ میں داخل کرنے کی استدعاء ہے

(iii) ضمنی بجٹ برائے مالی سال 2017-2016ء پر عمومی بحث میں حصہ لینے والے معزز اراکین مورخہ 14 جون 2017ء بروز بدھ تک دفتری اوقات کار کے دوران سیکرٹری صوبائی اسمبلی کے پاس اپنے نام جمع کرا سکیں گے۔ جو معزز رکن مقررہ وقت پر اپنا نام درج نہیں کرا سکے گا تو شاید وہ بحث میں حصہ نہ لے سکے۔

(iv) مورخہ 14 جون 2017ء بروز بدھ ضمنی بجٹ برائے مالی سال 2017-2016ء کے لئے مطالبات زر پر تحاریک تخفیف زر (Cut Motions) اسمبلی سیکرٹریٹ میں داخل کرانے ہوں گے۔

آپ کا مخلص

اسد قیصر

سپیکر

صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

تظہیر نمبر: 18874-81 مورخہ: 7/6/17

نقل مراسلہ ہذا بغرض اطلاع و ضروری کارروائی ارسال خدمت ہے۔

1۔ جناب وزیر اعلیٰ صاحب و جملہ اراکین کابینہ۔
2۔ چیف سیکرٹری، خیبر پختونخوا۔
3۔ پرنسپل سیکرٹری برائے گورنر، خیبر پختونخوا۔
4۔ سیکرٹری، محکمہ قانون، پارلیمانی امور و انسانی حقوق، خیبر پختونخوا۔
5۔ سیکرٹری، محکمہ خزانہ، خیبر پختونخوا۔
6۔ جملہ سربراہان محکمہ جات، خیبر پختونخوا۔
7۔ ایڈووکیٹ جنرل، خیبر پختونخوا۔
8۔ ڈائریکٹر اطلاعات، خیبر پختونخوا۔

سیکرٹری

صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا